نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21-ڈیوس روڈ لاہور
Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

وزیراعلیٰ پنجاب گرین ٹریکٹرز پروگرام فیز III کے تحت کامیاب کاشتکاروں کے لیے اہم ہدایت

لاہور: **16 اپریل 2026**: ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق وزیراعلیٰ پنجاب گرین ٹریکٹرز پروگرام فیز III کے تحت کامیاب قرار پانے والے کاشتکاروں کو مطلع کیا جاتا ہے کہ الاٹمنٹ لیٹر وصول کرنے اور اپنے حصے کی رقم جمع کروانے کی آخری اور حتمی تاریخ میں **20 اپریل 2026** تک توسیع کی گئی ہے۔ ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے مزید کہا کہ تمام کامیاب کاشتکار حضرات کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ مقررہ تاریخ تک اپنے الاٹمنٹ لیٹر حاصل کریں اور اپنے واجب الادا حصے کی رقم بروقت جمع کروائیں۔ بصورتِ دیگر مقررہ مدت کے بعد رقم جمع نہ کروانے کی صورت میں ویٹنگ لسٹ میں شامل کاشتکاروں کو فوری طور پر موقع فراہم کر دیا جائے گا۔ مزید معلومات اور رہنمائی کے لیے محکمہ زراعت (توسیع) پنجاب کے متعلقہ دفاتر سے رابطہ کیا جاسکتا ہے یا زرعی ہیلپ لائن 0800-17000 پر کال کی جاسکتی ہے۔

☆☆☆☆